# ڈریم تحفیظ

# DREAM TAHFIZ PROGRAM

## پراسپیکٹس

## PROSPECTUS

**2021-22**

سیّدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"جب بھی قوم کے لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع ہو کر کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور اس کا ذکر کرتے ہیں تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے، انہیں رحمت الٰہی ڈھانپ لیتی ہے۔ فرشتے انہیں اپنے گھیرے میں لے لیتے ہیں اور اللہ رب العزت اپنے پاس موجود فرشتوں میں ان کا تذکرہ کرتے ہیں۔"

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن مجید پڑھتا پڑھاتا ہے۔" (بخاری)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

" قرآن مجید کا ماہر قاری (قیامت کے دن) اللہ کے مقرب فرشتوں کے ساتھ کھڑا ہوگا۔ اور جو شخص اٹک اٹک کر مشکل سے قرآن پڑھتا ہے، اس کے لیے دوہرا اجر ہے۔" (متفق علیہ من حدیث عائشہ)

## ڈریم تحفیظ پروگرام کے اہداف:

- ترتیل کے ساتھ قرآن کریم پڑھنے والے ہونگے۔
- حفظ القرآن الکریم کے بعد روزانہ ۲ جزء پڑھنے والے ہونگے۔
- قرآنی اسماء، قرآنی افعال اور قرآنی حروف کے ساتھ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام اور بالخصوص نبیؐ کریم ﷺ کی مبارک سیرت کے مختلف احوال یاد ہونگے۔
- نبیؐ کریم ﷺ کے جن پہلوؤں کا تذکرہ قرآن کریم میں ہے اسکو مع آیت و ترجمہ بیان کرسکتے ہونگے۔
- روزمرہ کی آسان گفتگو عربی زبان میں کرنے والے ہونگے۔
- روزمرہ کی سنتوں کی عملی مشق کرنے والے ہونگے۔
- والدین کا ادب و احترام اور ان کی روزانہ خدمت کرنے والے ہونگے۔
- تکبیر اولیٰ کا اہتمام کرنے والے ہونگے۔
- ۴۰ احادیث مع ترجمہ کے حافظ ہونگے۔
- تیسری کلاس تا چھٹی کلاس کے چار مضامین (اردو، انگلش، ریاضی، سائنس) سے واقف ہونگے۔

DREAM TAHFIZ PROGRAM

## ڈریم تحفیظ پروگرام کی اقدار:

اسلامی اقدار کی مکمل حفاظت کے ساتھ بچوں کی قدرتی خصوصیات
مثلاً جسمانی ( Physical )،تصوری ( Cognitive )،
نقل ( Imitation )، بناوٹی تصور ( Concept Formation )،
زبان شناسی ( Linguistics )،اور معاشرت ( Social Develop)
کا خصوصی خیال رکھنا بھی اس پروگرام کی بنیادی اقدار میں شامل ہے۔

## روزانہ کے معمولات ( Learning Schedule )

ڈریم تحفیظ پروگرام کے روزانہ کے معمولات درج ذیل ہیں:

| Remarks کیفیت | Daily Routine اعمال | Timings اوقات | |
|---|---|---|---|
| تمام بچے/بچیوں سے السلام علیکم کہنا اور دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا، ان کے جوتوں کو سنت کے مطابق اتارنا سکھانا۔ | استقبال Arrival | 7:45 - 8:10 | Morning Time |
| افقی قطار بنانا، نصاب کے مطابق معمولات انجام دینا۔ | اسمبلی Assembly | 8:10 - 8:20 | |
| نماز کی سنتوں کی رعایت کے ساتھ بچوں/بچیوں کو نفل نماز میں سبقی کا اہتمام کروانا۔ | صلوۃ الاشراق Nafal | 8:20 - 8:30 | |
| دائروی شکل میں بیٹھنا اور نصاب کے مطابق معمولات انجام دینا۔ | حلقہ Circle Time | 8:30 - 8:40 | |

ڈریم تحفیظ
DREAM TAHFIZ PROGRAM

| | Timings اوقات | Daily Routine اعمال | Remarks کیفیت |
|---|---|---|---|
| Morning Time | 8:40 - 8:50 | صوتی سبق<br>Audio Playback | بچوں/بچیوں کو انفرادی طور پر ان کے اسباق متعینہ لہجہ میں سنوانا۔ |
| | 8:55 - 9:45 | سبق<br>New lesson | بچوں/بچیوں کو نیا سبق متعینہ منصوبے اور ان کی استعداد کے مطابق دینا۔ |
| | 9:50 - 11:00 | سبقی<br>Previous lesson | سبقی کی دہرائی۔<br>بچوں/بچیوں سے انفرادی طور پر روزانہ سبقی سننے کا اہتمام کرنا۔ |
| | 11:00 - 11:45 | PHYSICAL EDUCATION & AM SNACKS | ادارے کی طرف سے حفظ کے لیے موزوں غذا سنت کے اہتمام کے ساتھ فراہم کرنا۔ |
| Noon | 11:50 - 1:00 | منزل<br>Old lessons | منزل کی دہرائی۔<br>تمام بچوں/بچیوں سے انفرادی طور پر روزانہ منزل سننے کا اہتمام کرنا۔ |
| After Noon | 1:05 - 1:50 | لنچ + نماز + قیلولہ<br>Lunch + Namaz + Power Nap | متعینہ وقت میں تینوں کاموں کی تکمیل کا اہتمام کرنا۔ |
| | 1:50 - 2:10 | اللغة العربية | عربی زبان سے مناسبت اور شوق پیدا کرنے کے لیے مختلف سرگرمیوں کے ذریعے عربی زبان سکھانا۔ |
| | 2:10 - 3:00 | عصری مضامین<br>Schooling Time | دلچسپ انداز میں حفظ سے مطابقت کے ساتھ عصری مضامین کا اہتمام کرنا۔ |
| | 3:00 - 3:05 | چھٹی<br>Departure | سنت کے مطابق بچوں/بچیوں کو گھر کے لیے رخصت کرنا۔ |

نوٹ: مندرجہ بالا معمولات میں والدین کی طرف سے تعاون حاصل نہ ہونے کی صورت میں بچوں کے لیے یہ معمول بڑھا دیا جائے گا۔

## چھٹیوں کا جدول ( Holiday Schedule )

| Holidays | لڑکیوں کے لیے For Girls | لڑکوں کے لیے For Boys |
|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی First Quarter | | |
| دوسری سہ ماہی Second Quarter | | |
| تیسری سہ ماہی Third Quarter | | |
| سال کے آخر میں Year End Break | | |

## کم از کم کوائف ( Minimum Requirement )

| | لڑکوں کے لیے For Boys | لڑکیوں کے لیے For Girls | |
|---|---|---|---|
| عمر | ۷ تا ۹ سال کے درمیان | ۶ تا ۸ سال کے درمیان | عمر |
| ناظرہ | تجوید کے ساتھ قرآن کریم کے ۳ جز پڑھنا آتا ہو | | ناظرہ |
| اسکولنگ | گریڈ ٹو تک انگلش میڈیم میں پڑھا ہو | | اسکولنگ |
| جذبہ | حفظ کا شوق اور فرنبرداری کا جذبہ ہو | | جذبہ |

نوٹ: مندرجہ بالا کوائف کے جائزہ کے بعد ہی داخلہ ممکن ہوسکے گا۔

## والدین کے لازمی کوائف: ( Program Requirement )

ڈریم تحفیظ پروگرام کی کامیابی کا بیشتر انحصار والدین کے مندرجہ ذیل تعاون پر مبنی ہے:

- مسلسل اللہ تعالیٰ سے قرآن کریم کی نعمت حاصل ہونے کی دعائیں کرنا۔
- والدین کا قرآن کریم سے جذباتی لگاؤ۔
- بچوں کو گھر میں ایسا ماحول فراہم کرنا جس سے ان کی توجہ قرآن کریم سے نہ ہٹنے پائے (مثلاً ٹی وی، ویڈیو گیمز، موبائل گیمز وغیرہ سے احتراز)۔
- روزانہ گھر میں بچوں کو انتہائی شفقت و محبت کے ساتھ حفظ قرآن کریم کے اس مرحلے میں ان کی معاونت کرنا (مثلاً جب وہ گھر واپس آئیں تو ان کا استقبال کرنا، ان کی صحت کا خیال کرنا، ان کے سبق کو گھر میں بھی سننا اور یاد کروانا وغیرہ)۔
- حفظ قرآن کریم کے تمام مراحل میں ڈریم تحفیظ انتظامیہ، اساتذہ ، اور عملہ کے ساتھ تعاون کی فضا قائم رکھنا۔

## والدین کے لیے ضروری ہدایات: ( Parents Expectations)

- ڈریم تحفیظ میں داخلے سے پہلے اس بات کا یقین کرلیں کے آپ کے بچے کو حفظ کا شوق ہے، جو بچے حفظ کا شوق نہ رکھتے ہوں اس بات کا شدید خطرہ ہے کہ وہ حفظ متعینہ مدت میں حفظ کی تکمیل نہیں کرسکیں گے اور اسطرح ان کا وقت ضائع ہوجائے گا۔
- بچوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں، ان کو ہدیہ دینے کا اہتمام کریں، ریسرچ یہ بتاتی ہے کہ سب سے مؤثر طریقہ بچوں کے شوق کو برقرار رکھنے کا یہ ہے کہ ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- گھر میں ایک بہترین نظام الاوقات کو قائم کیجیے تاکہ بچوں کا کلاس میں روزانہ پورے انہماک اور تندہی کے ساتھ شامل ہونا آسان ہوسکے۔ یہ عموماً دیکھا جاتا ہے کہ جو بچے تاخیر سے کمرہ جماعت میں آتے ہیں وہ نفسیاتی الجھن کا شکار ہونے لگتے ہیں۔

- اس بات کو یقینی بنائیں کے بچوں کو گھر میں باقاعدہ کچھ وقت سبق یاد کرنے کے لیے ملے، استقامت ایک بنیادی جز ہے بچوں کی تعلیم وتربیت میں کیونکہ بہت سے عناصر بچوں کی توجہ اور شوق کی کمی کا باعث بنتے ہیں، (مثلاً بہت زیادہ فیملی ایونٹس، بہت زیادہ تفریح، فنکشنز وغیرہ)۔
- دورانِ حفظ گھر میں سبق یاد کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کریں۔( گھر کے دوسرے بچے گیمز کھیل رہے ہوں، ٹی وی دیکھ رہے ہوں اور ہم حفظ کے طالبعلم کو سبق یاد کر نے کی تلقین کریں تو یہ سازگار ماحول نہیں ہے۔)
- ڈریم تحفیظ کی معلم/معلمہ سے باقاعدہ رابطہ رکھیں، اور کسی بھی قسم کی تعلیمی وتربیتی امور میں اپنے تحفظات کا اظہار کریں، اور آپس کے تعاون سے اس کے حل کو یقینی بنائیں۔
- ڈریم تحفیظ پروگرام میں حفظ قرآن کے ساتھ عصری مضامین کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے انتظامیہ کی طرف سے وقتاً فوقتاً موصول ہونے والی ہدایات پر فوری عمل کریں۔
- ڈریم تحفیظ پروگرام میں دیے گئے چھٹیوں کے شیڈول کے علاوہ چھٹیاں کرنے سے بالکل گریز کریں، حفظ قرآن کے نظام الاوقات کو قائم کرنے میں بہت محنت لگتی ہے، چنانچہ دوران حفظ لمبی چھٹیاں بچوں کے معمول کو بالکل ختم کر دیتی ہیں۔
- ڈریم تحفیظ پروگرام کی انتظامی امور میں اپنے تعاون کو یقینی بنائیں:
- چھٹی کے وقت بچوں کو بلا تاخیر لینے آجائیں ۔
- بچوں کے یونیفارم روزانہ بالکل صاف پہنا کر بھیجیں ۔
- بچوں کی روزانہ کی ڈائری (ریکارڈ بک) پر دستخط کر کے بھیجیں ۔
- بچوں کو صبح صحت افزاء ناشتہ کروا کر بھیجیں ۔

## ڈریم تحفیظ کلاس کے اصول وضوابط: ( Classroom Rules )

مندرجہ ذیل اصول وضوابط کی پابندی ڈریم تحفیظ کے تمام بچے/بچیوں کے لیے ضروری ہے۔

- روزانہ کلاس میں بلا تاخیر حاضری اور اسمبلی کی دعا میں شرکت۔
- تمام بچوں کے پاس کلاس اور گھر میں ۱۵ سطری قرآن کریم ہو نا ضروری ہے۔
- ڈریم تحفیظ انتظامیہ کی جانب سے موصول ہونے والے اسپیشل قرآن بیگ کو اپنے ساتھ روزانہ اپنے ساتھ کلاس میں لانا۔
- معلم/معلمہ کا انتہائی ادب و احترام اور قرآن کریم کے آداب کا خوب اہتمام کرنا،
- معلم/معلمہ یا قرآن کریم کی بے ادبی اس پروگرام کے اخراج کا سبب ہوگا۔
- کلاس میں روزانہ متعینہ یونیفارم بالکل صاف ستھرا پہننے کا اہتمام کرنا۔
- بچیوں کا گھر سے ادارے میں آنے کے لیے سادہ عبایا اور اسکارف کا اہتمام کرنا۔
- بچوں کے لیے یونیفارم کے ساتھ سنت کے مطابق سفید رنگ کی ٹوپی کا اہتمام کرنا۔ کلاس میں ہر وقت باوضو رہنا۔
- کلاس کے تمام بچوں کے ساتھ تمام اعمال میں اچھے اخلاق کا اہتمام کرنا۔
- کلاس میں آنے سے پہلے معلم/معلمہ کی طرف سے دیے گئے ہوم ورک کو مکمل کرنا۔
- کلاس میں اوقات کو معلم/معلمہ کی ہدایات کے مطابق استعمال کرنا۔
- کسی بھی قسم کی مشکل سے معلم/معلمہ، والدین اور انتظامیہ کو آگاہ کرنا۔
- کلاس میں اپنی پوری صلاحیتوں کو استعمال کرنا تاکہ بہتر سے بہتر نتائج حاصل ہوسکیں۔
- عصری مضامین میں بھی اضافی محنت کرنا۔

## معلم/معلمہ سے ملاقات کے اصول ( Contacting Hifz Teacher)

معلم/معلمہ سے رابطہ کے لیے ڈریم تحفیظ انتظامیہ کی طرف سے موصول ہونے والی اینڈرویئڈ ایپ کے ذریعے ای میل یا ان سے ملاقات کے لیے وقت مقرر کیا جاسکتا ہے، برائے مہربانی اس بات کو پہلے سے سمجھنا بہت ضروری ہے کہ کلاس سے پہلے یعنی بچوں کو ادارے میں ڈراپ کرتے ہوئے یا کلاس کے بعد یعنی پک کرتے ہوئے ملاقات بالکل مناسب نہیں، صبح کا وقت معلم/معلمہ کی تمام تر توجہ بچوں کی نگرانی اور کلاس کا اپنے وقت پر شروع ہونے کی طرف ہوتی ہے، اور چونکہ معلم/معلمہ کی ادارے میں آمد سویرے ہوتی ہے لہذا چھٹی کے بعد ان کا مزید ٹھہرنا اگلے دن کے روٹین میں خلل کا سبب ہوتا ہے۔ لہذا ملاقات کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ پہلے سے وقت طے ہو تا ان کے معمولات میں خلل واقع نہ ہو۔

نوٹ: برائے کرم معلم/معلمہ سے کسی بھی قسم کی انتظامی معاملات کے بارے میں گفتگو کرنے سے گریز کریں۔ انتظامی امور (مثلاً فیس ، وین، ٹائمنگز، اسپورٹس، لنچ بریک وغیرہ) کے لیے ڈریم تحفیظ انتظامیہ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## ( Daily Hifz Requirement ) روزانہ حفظ کی کم از کم استعداد

روزانہ کی بنیاد پر ہر بچے سے مندرجہ ذیل حفظ کی کم از کم استعداد درکار ہے:

سبق( New Lesson ) نہ کوئی غلطی اور نہ کوئی اٹکن

سبقی( Previous Lesson ) ایک غلطی اور دو اٹکن کی گنجائش ہے

منزل( Old Lesson ) ایک غلطی اور دو اٹکن کی گنجائش ہے

جو بچہ مندرجہ بالا غلطیوں سے زیادہ غلطیاں کرے گا، اس دن اس کو نیا سبق نہیں دیا جائے گا۔

## ( Admission Procedure) داخلے کا طریقہ کار

1
داخلہ کے لیے اپنی دلچسپی دکھائیں
(آن لائن رجسٹریشن)
(داخلہ فارم)

2
والدین اور طالبعلم
جائزہ کے لیے تشریف لائیں

3
کوائف کے جائزہ کے بعد
انتظامیہ داخلہ کا فیصلہ کرے گی

4
جائزہ میں کامیاب
طالبعلم

5
داخلہ فیس شیڈول کے مطابق
جمع کروائیں

6
داخلہ کے بعد متعلقات
وصول فرمائیں

# ڈریم تحفیظ میں ایوارڈ کا فریم ورک ( Hifz Award Framework )

| تکمیلی مراحل | ایوارڈ کی قسم |
|---|---|
| ہر پارے کی متعینہ مدت میں تکمیل | اسمبلی میں سرٹیفیکٹ دیا جائے گا۔ |
| دس پاروں کی متعینہ مدت میں تکمیل | سرٹیفیکٹ اور ایک چھوٹا میڈل |
| پندرہ پاروں کی متعینہ مدت میں تکمیل | سرٹیفیکٹ اور کلاس روم کی سطح پر تقریب |
| بیس پاروں کی متعینہ مدت میں تکمیل | سرٹیفیکٹ اور ایک بڑا میڈل |
| تیس پاروں کی متعینہ مدت میں تکمیل | خصوصی تقریب میں ٹرافی اور ہدایا |

| میرٹ سرٹیفیکٹ | تفصیل |
|---|---|
| سعی Efforts | ان بچوں کے لیے جو حفظ القرآن میں غیر معمولی کوششیں کرتے ہیں۔ |
| تعلیمی Academics | ان بچوں کے لیے جو حفظ القرآن کے ساتھ عصری تعلیم میں نمایاں کارکردگی دکھائیں۔ |
| خوش اخلاق Character | ان بچوں کے لیے جو سب کے ساتھ خوش اخلاق ہوں۔ |

| ایوارڈ کے درجات | ضروری کوائف |
|---|---|
| کانسی کا میڈل Bronze | ۵ میرٹ سرٹیفیکٹ |
| چاندی کا میڈل Silver | ۵ کانسی کے میڈل |
| سونے کا میڈل Gold | ۵ چاندی کے میڈل |

# ڈریم تحفیظ کے جائزہ کا فریم ورک ( Hifz Progress Framework )

| | تفصیل | لائحہ عمل | ذمہ دار |
|---|---|---|---|
| ا | ۱۲ یوم کے تدریسی دورانیہ میں اگر پانچ دفعہ حفظ کا مطلوبہ معیار (ص۱۵) کے مطابق سبق یاد نہ ہو ۔ | والدین کو بذریعہ ای میل، ایپ، ایس ایم ایس اور یومیہ ڈائری کے ذریعہ پیغام دیا جائے کہ بچے کو کارکردگی کے بارے میں نصیحت کیجیے۔ | معلم/معلمہ |
| ب | ۱۲ یوم کے تدریسی دورانیہ میں اگر دس دفعہ حفظ کا مطلوبہ معیار (ص۱۵) کے مطابق سبق یاد نہ ہو اور اخلاقی خرابی کی شکایت ۳ دفعہ موصول ہو ۔ | صلوۃ الحاجات پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کریں، بچے کے ساتھ مل کر سیکھنے کے عمل کا جائزہ لیں، اس کی تفصیلی رپورٹ بنا کر والدین اور انتظامیہ کو بھیجیں۔ | معلم/معلمہ، طالبعلم، اورنگران |
| ج | ۱۲ یوم کے تدریسی دورانیہ میں اگر دس دفعہ حفظ کا مطلوبہ معیار (ص۱۵) کے مطابق سبق یاد نہ ہو اورمعلم/معلمہ کے ساتھ بے ادبی کا معاملہ ہو ۔ | بچے کے ریمارکس رپورٹ میں تحریر کریں ، والدین سے بذریعہ فون رابطہ کریں کہ اگر بچہ کا معلم/معلمہ کے ساتھ اخلاقی رویہ خراب رہا تو آپ کو انتظامیہ سے ملاقات کے لیے بلایا جائے گا۔ | معلم/معلمہ |
| د | مندرجہ بالاتفصیل (ا، ب، ج) کے مطابق تعاون نہ ملنے کی صورت میں۔ | والدین کو میٹنگ کے لیے بلایا جائے، اور تحریری کارگزاری ان کے سامنے پیش کی جائے۔ | معلم/معلمہ، والدین،نگران |
| ہ | مندرجہ بالاتفصیل (ا، ب، ج،د) کے مطابق تعاون نہ ملنے کی صورت میں۔ | والدین کو بذریعہ فون بچے کی مسلسل عدم دلچسپی سے آگاہ کیا جائے، آئندہ کے لائحہ عمل (یعنی داخلہ کی منسوخی) کے بارے میں متنبہ کیا جائے ۔ | نگران |
| و | مندرجہ بالاتفصیل (ا، ب، ج،د،ہ) کے مطابق تعاون نہ ملنے کی صورت میں۔ | والدین کو ادارے میں بلواکر ان سے معذرت کرلی جائے کہ ہم ان کے بچے کی خدمت نہیں کرسکتے۔ | نگران، ڈائریکٹر |

ڈریم تحفیظ
DREAM TAHFIZ PROGRAM

# ( Fee Schedule ) فیس کا جدول

| | | |
|---|---|---|
| **Registration Fee** | | **رجسٹریشن فیس** |
| Rs. 6,000 | Family Registration | فیملی رجسٹریشن |
| **Annual Fee** | | **سالانہ فیس** |
| Rs. 4,000 | Annual Fee | سالانہ |
| **Regular Fee** | | **ماہانہ فیس** |
| Rs. 4,800 | Monthly | ماہانہ |
| Rs. 600 | AM Snacks | اے ایم اسنیکس |
| Rs. 2,000 | Lunch | ظہرانہ |
| **Others** | | **دیگر سالانہ اخراجات** |
| Rs. 4,000 | Annual Ceremony | سالانہ تقریب |
| Rs. 600 | Dream Tahfiz Bag | سہ ماہی کانفرنس |
| | | ڈریم تحفیظ بیگ |

**Rs. 22,000**

- ★ داخلے کی منسوخی کی صورت میں رجسٹریشن فیس واپس نہیں کی جائے گی۔
- ★ ماہانہ فیس میں عصری مضامین کی ٹیوشن فیس شامل ہے۔
- ★ تمام فیسز واؤچر کے ذریعے ایم پبلشرز کے اکاؤنٹ میں جمع کی جائیں گی۔
- ★ مندرجہ بالا فیسز میں سالانہ ۱۰ فیصد تک اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

## ڈریم تحفیظ پروگرام میں عصری مضامین کی پڑھائی کا تناسب

| Subjects | Strands | Ratio | Periods (50 Minutes Each) | |
|---|---|---|---|---|
| **English** 33.3 hrs 40 Periods | Listening | 20% | 6.6 hr | 8 Periods |
| | Speaking | 20% | 6.6 hr | 8 Periods |
| | Reading | 30% | 10 hr | 12 Periods |
| | Writing | 30% | 10 hr | 12 Periods |
| **Mathematics** 33.3 hrs 40 Periods | Numbers Sense | 30% | 10 hr | 12 Periods |
| | Numbers Operations | 30% | 10 hr | 12 Periods |
| | Fractions | 20% | 6.6 hr | 8 Periods |
| | Measurements | 10% | 3.3 hr | 4 Periods |
| | Data & Geometry | 10% | 3.3 hr | 4 Periods |
| **Gen.Science** 33.3 hrs 40 Periods | Physical Science | 30% | 10 hr | 12 Periods |
| | Earth Science | 20% | 6.6 hr | 8 Periods |
| | Life Science | 50% | 16.6 hr | 20 Periods |
| **Urdu** 33.3 hrs 40 Periods | گرامر | 20% | 6.6 hr | 8 Periods |
| | سننا/ بولنا | 20% | 6.6 hr | 8 Periods |
| | روانی سے پڑھنا | 30% | 10 hr | 12 Periods |
| | ادبیات | 30% | 10 hr | 12 Periods |

ڈریم تحفیظ

DREAM TAHFIZ PROGRAM

ADMISSIONS OPEN

+92 300 2517280

C-64, Block H,
North Nazimabad,
Karachi-Pakistan.